قرآن اور پردہ | مولانا امین احسن اصلاحی۔ ناشر ادارہ مذکورہ۔ قیمت ۶۰ پیسے۔ صفحات ۴۴۔
بے پردگی موجودہ دور کی سب سے بڑی لعنت اور فساد کی جڑ ہے۔ قرآن نے اس خرابی کا علاج کیا، مؤلف کتاب نے جو قرآنیات پر گہری بصیرت رکھتے ہیں۔ اس مختصر رسالہ میں موضوع کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔

حکمت اسلامیہ | ازجناب مولانا عبدالقدیر صدیقی قادری شعبۂ دینیات جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن صفحات ۱۲۰۔ قیمت ۵/۵۰ روپے۔ ملنے کا پتہ: اے ۵ - ۷ - ۱۰ شاہ لطیف حیدرآباد (سندھ) تصوف وسلوک کے علاوہ کلام وفلسفہ کے باریک اور فنی اصطلاحات کی تشریح آپ اسے تصوف کی کتاب سمجھیں یا کلام وفلسفہ کی۔

مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ | مرتبہ مولانا عاشق الٰہی مدرس دارالعلوم کراچی صفحات (۴۸۰) کتابت و طباعت آفسٹ قیمت مجلد چھ روپے۔ ملنے کا پتہ: خواجہ محمد اسلام گھڈیاں خاص ضلع لاہور۔ یا پھر ادارہ اشاعتِ دینیات چوک رنگ محل لاہور ــــ عالمِ برزخ اور اس کے بعد کی دنیا۔ روزِ قیامت جہنم، اور جنت کے حالات پر نہایت مؤثر کتاب قرآن مجید اور احادیث کی روشنی میں عبرت و تذکیر کیلئے بے حد مفید ہے۔

اسلامی زندگی | مرتبہ حاجی امیرالدین صاحب صفحات ۲۸۰ قیمت غیر مجلد تین روپے ــــ ملنے کا پتہ: جامعہ ربانیہ ملتان۔ کتابت وطباعت نہایت عمدہ۔ کلمہ، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کے متعلق ضروری مسائل مخصوص اوقات کی دعائیں اور چالیس احادیث سلیس اور آسان زبان میں دینی مسائل سے واقفیت کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔

فتویٰ تکفیر قادیان | قادیانی جماعت کی کفریات پر علماءِ اسلام کے یہ فتاویٰ پچاس سال قبل ایک پمفلٹ کی شکل میں شائع ہوئے تھے، اور اب اسے مولانا سعید الرحمان انوری نے اپنی مجلس دینی مین بازار سنت پورہ لائل پور سے دوبارہ شائع کیا ہے۔ صرف دس پیسے کے ٹکٹ بھیج کر طلب کیا جا سکتا ہے۔

> اگلے شمارہ میں حکیم الاسلام علامہ قاری محمد طیب قاسمی مہتمم دارالعلوم دیوبند کی ایک نہایت حکیمانہ اور فاضلانہ تقریر (انسانی زندگی کے مختلف ادوار اور کامیاب و بامراد زندگی) جسے ادارہ الحق نے من عن ضبط کیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے اور مادیت و حیوانیت کے اس طوفانی دور میں حیاتِ طیبہ کے خدوخال سے آگاہ ہوں ــــ (ادارہ)